روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

ہفتہ 29 جنوری 2005ء 18 ذوالحج 1425 ہجری 29 صلح 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 25

قرآن پڑھو

حضرت ابوامامہ باہلی بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا قرآن پڑھو کیونکہ وہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لئے شفیع کے طور پر آئے گا۔

(صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ المسافرین باب فضل قراءۃ القرآن حدیث نمبر 1337)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ تو ظاہر ہے کہ ہر ایک چیز کی بڑی خوبی یہی سمجھی جائے گی کہ جس غرض کے پورا کرنے کے لئے وہ وضع کی گئی ہے اس غرض کو بوجہ احسن پوری کر سکے مثلاً اگر کسی بیل کو قلبہ رانی کے لئے خریدا گیا ہے تو اس بیل کی یہی خوبی دیکھی جائے گی کہ وہ بیل قلبہ رانی کے کام کو بوجہ احسن ادا کر سکے۔ اسی طرح ظاہر ہے کہ اصلی غرض آسمانی کتاب کی یہی ہونی چاہئے کہ اپنے پیروی کرنے والے کو اپنی تعلیم اور تاثیر اور قوت اصلاح اور اپنی روحانی خاصیت سے ہر ایک گناہ اور گندی زندگی سے چھڑا کر ایک پاک زندگی عطا فرما دے اور پھر پاک کرنے کے بعد خدا کی شناخت کے لئے ایک کامل بصیرت عطا کرے اور اس ذات بے مثل کے ساتھ جو تمام خوشیوں کا سرچشمہ ہے محبت اور عشق کا تعلق بخشے کیونکہ درحقیقت یہی محبت نجات کی جڑ ہے اور یہی وہ بہشت ہے جس میں داخل ہونے کے بعد تمام کوفت اور تلخی اور رنج و عذاب دور ہو جاتا ہے اور بلاشبہ زندہ اور کامل کتاب الہامی وہی ہے جو طالب خدا کو اس مقصود تک پہنچا دے اور اس کو سفلی زندگی سے نجات دے کر اس محبوب حقیقی سے ملا دے جس کا وصال عین نجات ہے اور تمام شکوک و شبہات سے مخلصی بخش کر ایسی کامل معرفت اس کو عطا کرے کہ گویا وہ اپنے خدا کو دیکھ لے اور خدا کے ساتھ ایسے مستحکم تعلقات اس کو بخش دے کہ وہ خدا کا وفادار بندہ بن جائے اور خدا اس پر ایسا لطف و احسان کرے کہ اپنی انواع و اقسام کی نصرت اور مدد اور حمایت سے اس میں اور اس کے غیر میں فرق کر کے دکھلائے اور اپنی معرفت کے دروازے اس پر کھول دے (۔) میں ہر ایک پر یہ بات ظاہر کرتا ہوں کہ وہ کتاب جو ان ضرورتوں کو پورا کرتی ہے وہ قرآن شریف ہے اس کے ذریعہ سے خدا کی طرف انسان کو ایک کشش پیدا ہو جاتی ہے اور دنیا کی محبت سرد ہو جاتی ہے اور وہ خدا جو نہایت نہاں در نہاں ہے اس کی پیروی سے آخر کار اپنے تئیں ظاہر کرتا ہے اور وہ قادر جس کی قدرتوں کو غیر قومیں نہیں جانتیں قرآن کی پیروی کرنے والے انسان کو خدا خود دکھا دیتا ہے اور عالم ملکوت کا اس کو سیر کراتا ہے اور اپنے انا الموجود ہونے کی آواز سے آپ اپنی ہستی کی اس کو خبر دیتا ہے۔

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 305-307)

سالِ نو۔ سالِ وصیت

تمام موصیان کرام کو نظام وصیت کی پہلی صدی اس جہت سے مبارک ہو کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بابرکت نظام میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرمائی۔ اب یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ نظام وصیت کی نئی صدی کے استقبال کے لئے اپنے دیگر بھائیوں کو اس بابرکت نظام میں شامل کرنے کی کوشش کریں۔

جیسا کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی اس خواہش کا اظہار فرما رہے ہیں کہ۔

”میری خواہش ہے اور میں یہ تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ اس آسمانی نظام میں اپنی زندگیوں کو پاک کرنے کیلئے، اپنی نسلوں کی زندگیوں کو پاک کرنے کیلئے شامل ہوں۔ آگے آئیں اور کم از کم 15 ہزار اس ایک سال میں نئی وصایا ہو جائیں۔“

حضور کی اس خواہش کو پورا کرنا ہم سب افراد جماعت کی ذمہ داری ہے۔ کہ وہ لوگ جو ابھی تک اس بابرکت نظام میں شامل نہیں ہوئے وہ آگے آئیں اور جلد سے جلد اس بابرکت نظام میں شامل ہوں۔ اور موصیان کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ دوران سال ہر موصی ایک اور فرد کو نظام وصیت میں شامل کرنے کی کوشش کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ حضور کی یہ خواہش کہ ہم ”نظام وصیت کی نئی صدی کا اس رنگ میں استقبال کریں کہ خدا تعالیٰ کے حضور ہماری طرف سے اس کی راہ میں شکرانے کے طور پر یہ حقیر سا نذرانہ ہوگا۔“

حضرت مسیح موعود نے اس نظام میں جلد سے جلد شامل ہونے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا۔ ”جو لوگ اس الٰہی نظام (نظام وصیت) پر اطلاع پا کر بلا توقف اس فکر میں پڑتے ہیں کہ دسواں حصہ کل جائیداد کا خدا کی راہ میں دیں بلکہ اس سے بھی زیادہ اپنا جوش دکھلاتے ہیں وہ اپنی ایمانداری پر مہر لگا دیتے ہیں۔“

اسی طرح آپ نے فرمایا۔

”اس کام میں سبقت دکھلانے والے راستبازوں میں شمار کئے جائیں گے اور ابد تک خدا کی ان پر رحمتیں ہوں گی۔“

پس آج ہمیں امام وقت اس بابرکت نظام میں شامل ہونے کیلئے بلا رہے ہیں کہ ”غور کریں جو

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

153

پر حکمت نصائح
ایمان افروز واقعات

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

دمشق میں احمدیت کا قیام

1924ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود احمدیت کی ترقی کے سلسلہ میں ویمبلے کانفرنس میں شرکت کی دعوت قبول فرماتے ہوئے ایک وفد کے ساتھ لندن تشریف لے گئے۔ حضور نے عدم موجودگی میں سارے ہندوستان کا امیر حضرت مولانا شیر علی صاحب کو مقرر فرمایا اور حضرت مفتی محمد صادق صاحب اور حضرت مرزا بشیر احمد صاحب آپ کے دو نائبین مقرر کئے۔ ان کے علاوہ جماعت کے چند چنیدہ بزرگان پر مشتمل ایک مجلس شوریٰ نامزد کی جن میں حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب بھی شامل تھے۔ اسی سفر یورپ کے دوران حضور نے راستہ میں ارض شام کے دارالحکومت دمشق میں بھی قیام فرمایا۔ حضور کا دمشق میں قیام بہت بابرکت ثابت ہوا۔ آپ جس ہوٹل میں قیام فرما تھے وہاں صبح سے نصف رات تک دو سو سے بارہ سو تک لوگ ہوٹل کے سامنے کھڑے رہتے جو حضور سے انتہائی محبت اور فدائیت کا اظہار کرتے وہاں کے ایک مشہور ادیب شیخ عبدالقادر المغربی نے جو حضرت سید ولی اللہ شاہ صاحب کے دوست تھے ایک موقع پر حضور سے کہا کہ آپ ایک جماعت کے معزز امام ہیں اس لئے ہم آپ کا اعزاز و اکرام کرتے ہیں چونکہ ہم لوگ عربی نسل کے ہیں اور عربی ہماری مادری زبان ہے اور کوئی ہندی خواہ وہ کتنا ہی عالم ہو ہم سے زیادہ قرآن وحدیث سمجھنے کی اہلیت نہیں رکھتا اس لئے آپ یہ امید نہ رکھیں کہ ان علاقوں میں کوئی شخص آپ کے خیالات سے متاثر ہوگا۔ حضور نے اس کی تردید کی اور فرمایا کہ ہندوستان واپس جانے کے بعد میرا پہلا کام یہ ہوگا کہ آپ کے ملک میں مربی روانہ کروں اور دیکھوں کہ خدائی جھنڈے کے علمبرداروں کے سامنے آپ کا کیا دم خم ہے۔

چنانچہ سفر لندن سے واپسی کے بعد حضور نے حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب اور حضرت مولانا جلال الدین شمس صاحب کو ارض شام کے لئے بطور مربی منتخب فرمایا۔ 27 جون 1925ء کو یہ دونوں مجاہد قادیان سے روانہ ہوئے حضور نے کثیر تعداد میں احباب جماعت کے ہمراہ انہیں معانقہ کر کے دعاؤں کے ساتھ رخصت فرمایا۔ جب یہ دونوں مجاہدین رخصت ہوئے تو حضور باوجود گرمی کے بٹالہ والی سڑک سے پیدل واپس تشریف لائے۔ شام میں ان دنوں دعوت الی اللہ کی راہ میں شدید مشکلات حائل تھیں۔ ادھر نومبر 1925ء میں دروز فرقہ کے لوگوں نے علم آزادی بلند کیا جس پر شام کی فرانسیسی حکومت نے دمشق پر مسلسل بمباری کر کے اسے تباہ کر دیا انہی جنگ کے ایام میں اپریل 1926ء تک میں ان مجاہدین کی دعاؤں اور دن رات کی کوششوں کے نتیجہ میں دمشق میں جماعت احمدیہ قائم ہوگئی۔

(تاریخ احمدیت جلد 4 حالات 1924ء)

سب بیعتیں منسوخ

حضرت میاں چراغ دین صاحب (ولادت 1847ء۔ بیعت 1893ء۔ وفات 1920ء) نے حضرت مسیح موعود کے دعویٰ مسیحیت کے بعد ایک دو سال تک بیعت میں توقف کیا جبکہ آپ کے صاحبزادے حضرت میاں عبدالعزیز المعروف مغل نے 1891ء میں بیعت کر لی۔

آپ حضرت مسیح موعود سے شروع ہی سے اخلاص و محبت کے تعلقات رکھتے تھے۔ بیعت میں توقف کی یہ وجہ بیان کی جاتی ہے کہ آپ نے پہلے سید محمد صدیق صاحب کی بیعت کی ہوئی تھی۔ جب آپ حضرت مسیح موعود کی بیعت کے لئے تیار ہوئے تو سید صاحب موصوف نے انہیں کہا کہ آپ نے تو میری بیعت کی ہوئی ہے۔ آپ دوسرا مرشد کیسے پکڑ سکتے ہیں؟ اس پر حضرت میاں معراج دین صاحب عمر نے کہا کہ میں نے تو کسی کی بیعت نہیں کی اس لئے میں حضرت صاحب کی بیعت کرتا ہوں چنانچہ انہوں نے بیعت کر لی۔ پھر مغل صاحب اور حکیم مرہم عیسیٰ صاحب نے یکے بعد دیگرے بیعت کر لی۔ اس پر حضرت میاں چراغ دین صاحب نے حضرت صاحب سے پوچھا کہ حضور! میں نے سید محمد صدیق صاحب کی بیعت کی ہوئی ہے۔ کیا میں بھی حضور کی بیعت کر سکتا ہوں؟ حضور نے فرمایا اب سب بیعتیں منسوخ ہو چکی ہیں۔ بجز میری بیعت کے اب کوئی بیعت درست نہیں۔ اس پر میاں چراغ دین صاحب نے بھی بیعت کر لی۔

(لاہور تاریخ احمدیت ص 175)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم ملک شمس الاسلام صاحب آف گلگشت کالونی ملتان لکھتے ہیں کہ ان کی بھاوجہ محترمہ سعیدہ فرحت صاحبہ اہلیہ میاں عبدالرؤف صاحب فیکٹری ایریا ربوہ مورخہ 16 جنوری 2005ء کو وفات پا گئیں بوقت وفات ان کی عمر 81 سال تھی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں۔ مرحومہ مولوی غلام احمد صاحب بدوملہوی سابق مربی سلسلہ جزائر فجی، گیمبیا، مغربی افریقہ کی بڑی بیٹی اور میاں قادر بخش صاحب آف ملتان کی بہو تھیں۔ مورخہ 17 جنوری 2005ء کو بعد نماز ظہر بیت مبارک میں مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے نماز جنازہ پڑھائی اور اسی روز بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین ہوئی۔ بعد تدفین مکرم سید طاہر محمود ماجد صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ مرحومہ مکرم ڈاکٹر سلیم احمد طاہر صاحب آف امریکہ اور انجینئر نسیم احمد صاحب آف کینیڈا کی والدہ محترمہ تھیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل بخشے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم رانا مبارک احمد صاحب ابن مکرم چوہدری کرامت اللہ خان صاحب کاٹھگڑھی چک نمبر 2/T.D.A ضلع خوشاب اطلاع دیتے ہیں کہ ان کے نانا مکرم چوہدری فضل حق صاحب ولد لیفٹیننٹ چاند خان صاحب آف گٹی حال دارالیمن شرقی ربوہ مورخہ 22 دسمبر 2004ء کو بعمر 97 سال بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ اسی روز بعد نماز عصر بیت المہدی میں مکرم قیصر محمود صاحب قریشی نے مرحوم کی نماز جنازہ پڑھائی۔ قبرستان عام میں تدفین کے بعد مکرم پروفیسر مبارک احمد صاحب نے دعا کروائی۔ آپ مکرم معین اختر صاحب آف دارالیمن شرقی کے والد تھے۔ احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

ولادت

مکرم وسیم احمد شاکر صاحب کارکن دفتر وصیت ربوہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کی نسبتی ہمشیرہ مکرمہ بشریٰ نصیر احمد صاحبہ زوجہ مکرم نصیر احمد صاحب آف کوٹری کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 22 ستمبر 2004ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ بچے کا نام عیشان احمد نصیر تجویز ہوا ہے اور بچہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ نومولود مکرم سعید احمد صاحب آف کوٹری سندھ کا پوتا اور مکرم چوہدری محمد شریف صاحب ارائیں (مرحوم) آف کا چیلو ڈگری سندھ کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کیلئے درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک صالح اور خادم دین بنائے دین ودنیا کی حسنات سے نوازے اور ماں باپ کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

نکاح

مکرم رانا نصیر احمد صاحب دارالفتوح غربی لکھتے ہیں۔ مورخہ 15 جنوری 2005ء کو میرے بڑے بیٹے مکرم رانا نثار احمد صاحب (کارکن عملہ حفاظت خاص) کا نکاح ہمراہ مکرمہ مریم صدیقہ مقبول صاحبہ بنت مکرم رانا مقبول احمد صاحب (حال جرمنی) بعوض حق مہر -/5000 یورو مورخہ 15 جنوری کو بیت المبارک ربوہ میں محترم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم تحریک جدید نے پڑھا۔ مکرم رانا نثار احمد صاحب محترم رانا عبداللطیف صاحب 86 دھول ماجرا فیصل آباد کے نواسے۔ اور مریم صدیقہ مقبول صاحبہ مکرم رانا نذیر احمد صاحب دارالفتوح غربی کی پوتی ہیں احباب جماعت سے عاجزانہ دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں کے لئے انتہائی بابرکت اور خیر کثیر کا باعث بنائے اور ثمرات حسنہ سے نوازے۔

درخواست دعا

مکرم رانا منظور احمد صاحب ستلج بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی بیٹی سحبانہ منظور بیمار ہے اور رشید ہسپتال لاہور میں داخل ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ جلد سے جلد شفا دے۔

مکرم پروفیسر محمد رشید طارق صاحب جنرل سیکرٹری حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور چند دنوں سے ٹھنڈ لگ جانے کی وجہ سے بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ جلد سے جلد شفا دے۔

محترمہ سمیرہ عابد صاحبہ اہلیہ مکرم مرزا عابد بیگ صاحب جوہر ٹاؤن لاہور کی والدہ محترمہ کا لندن میں آپریشن متوقع ہے احباب جماعت سے ان کی جلد شفایابی کے لئے درخواست دعا ہے۔

میل نرسز/سٹاف نرسز کی ضرورت

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں میل نرسز اور سٹاف نرسز کی آسامیاں خالی ہیں۔ پاکستان نرسنگ کونسل کے رجسٹرڈ نرسز اور آرمی کے ریٹائرڈ کلاس ون نرسز درخواست دینے کے اہل ہونگے۔ ایسے امیدوار جو خدمت خلق کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں مع اسناد اور تجربہ کے سرٹیفکیٹ بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ارسال کریں۔ درخواستیں صدر محلہ/امیر جماعت کی سفارش سے آنی چاہئیں۔ (ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

جدید سائنس کے ایوانوں میں توحید کا سفیر

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مؤرخ احمدیت

واضح کشف اور شاندار خبر

پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالسلام صاحب نوبیل انعام یافتہ (ولادت 29 جنوری 1926ء۔ وفات 21 نومبر 1996ء) ایک منفرد شان کے حامل تنہا مؤحد سائنسدان تھے جنہوں نے بیسویں صدی کے مایہ ناز ماہر طبیعات آئن سٹائن البرٹ (Ein Stein 1879ء-1955ء) کے ناتمام نظریہ اضافیت پر بے مثال ریسرچ کے بعد اسے نقطہ عروج تک پہنچایا اور اس طرح جدید سائنس کے ایوانوں میں سفیر توحید ہونے کا حق ادا کردیا۔

آپ کے والد ماجد حضرت چوہدری محمد حسین صاحب امیر جماعت احمدیہ ملتان و ہیڈ کلرک انسپکٹر تعلیمات ملتان (ولادت 2 ستمبر 1891ء وفات 7/ اپریل 1969ء) کو آپ کی ولادت سے پیشتر کشفی عالم میں آپ کی پیدائش اور عبدالسلام نام ہونے کی واضح خبر دی گئی۔ اوائل عمر میں آپ کو قوت نُطق حاصل نہ تھی مگر حضرت ابوالبرکات مولانا غلام رسول صاحب راجیکی قدسی نے آپ کی نسبت پیشگوئی فرمائی کہ ''انشاء اللہ یہ اتنا بولے گا کہ دنیا سنے گی''۔

(سوانح محمد حسین ص 50,36 مرتبہ حضرت شیخ محمد اسمٰعیل صاحب پانی پتی ناشر محمد احمد اکیڈمی رام گلی نمبر 3 لاہور مطبوعہ 1974ء)

ایک روح پرور انٹرویو

اس عظیم المرتبت اور جلیل الشان توحید پرست سائنسدان نے نوبیل پرائز حاصل کرنے کے بعد روزنامہ نوائے وقت کے نمائندہ جناب وارث میر صاحب کو ایک روح پرور انٹرویو دیتے ہوئے فرمایا:۔

''سائنسی تحقیق میری زندگی بن چکی ہے اور میرے لئے رموز فطرت کی تلاش دراصل خدا کی حکمتوں کی تلاش ہے۔ میں اس انعام کو بھی اللہ کا کرم سمجھتا ہوں اور یقین رکھتا ہوں کہ اس کی حکمتوں کی تلاش کرنے والا ذہن ہر قسم کی سیاست بازی سے آزاد ہوتا ہے۔ انعام دینے والوں کی پالیسی پر بحث کرنا میرا کام نہیں ہے لیکن دنیا کا ہر قابل ذکر سائنسدان آپ کو بتائے گا کہ میں ان دنوں پاکستان میں ہوتا یا پاکستان سے باہر، برقی مقناطیسیت اور کمزور نیوکلیئر طاقت کے بارے میں تھیوری دنیائے سائنس سے اپنا لوہا خود منوا رہی ہے۔ کاروبار فطرت چلانے والی چار قوتوں کا تین قوتوں میں تبدیل ہو جانا کوئی ایسی معمولی بات تو ہے نہیں کہ دنیا اسے نظرانداز کرسکتی۔ آخری تجربات کے بعد یہ تھیوری سو فیصد Establish ہو جائے گی پھر سوال اٹھے گا کہ تین قوتیں دو میں تبدیل ہو جائیں اور دو بھی ایک ہو جائے اور تب یہ ثابت ہو جائے گا کہ کائنات کا نظام دراصل ایک ہی قوت کا کرشمہ ہے۔''

ڈاکٹر عبدالسلام انتہائی منکسر المزاج اور بے تکلف شخص تھے اور سائنسی نکات پر بھی مذہبی نقطہ نظر سے گفتگو فرمایا کرتے تھے اور یہ انٹرویو اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

جناب وارث میر صاحب نے سوال کیا کہ

''برطانوی پریس میں یہ بات عام کہی گئی ہے کہ سائنس کی مکمل تصدیق سے پہلے ہی آپ یہ مذہبی عقیدہ رکھتے ہیں اور اس عقیدے کا ہر ایک سے ذکر کرتے ہیں کہ کائنات پر محیط تمام قوانین میں وحدت ہے اور رفتہ رفتہ یہ ثابت ہو جائے گا کہ باقی تین قوتیں بھی ایک ہی قوت کا کرشمہ ہے۔ یعنی یہ ساری کائنات ایک ہی ذات کا ظہور ہے تو پھر آپ نے اس پہلو پر بھی غور فرمایا ہوگا کہ فلسفہ وحدت کے نشے میں سرشار بعض صوفیائے کرام شعراء اور ایمان کی اس منزل پر نسبتاً کم دنیاوی علم کے سہارے اور کم عرصے میں کیونکر پہنچ جاتے ہیں؟

خدا سے تعلق رکھنے والوں کی سائنسدانوں پر یہ برتری کیسی؟

اس سوال کے جواب میں ڈاکٹر صاحب مرحوم نے جو ارشاد فرمایا وہ ہمیشہ آب زر سے لکھا جائے گا۔ آپ نے بے ساختہ فرمایا:۔

''میں آپ سے متفق ہوں کہ خدا رسیدہ ہستیوں کو سائنس دانوں پر برتری حاصل ہے۔ صوفیائے کرام منتخب لوگ ہوتے ہیں اور سائنس دان ایک عام انسان کی تمام تر بے بضاعتیوں کے ساتھ کائنات کے اسرار پر غور کرتا ہے لہٰذا دونوں کی اپروچ اور کیفیت میں فرق ہے۔ صوفی کو بھی مقام حیرت سے منزل یقین تک پہنچنے میں جدوجہد کرنی پڑتی ہے لیکن سائنس دان عمر بھر مقام حیرت کے اردگرد بھٹکتا رہتا ہے اور اسی بھٹکنے میں اس کی جدوجہد کی مسرتوں کا راز پوشیدہ ہے۔ فیض نے کہا ہے۔

کئی بار اس کی خاطر، ذرے ذرے کا جگر چیرا
مگر یہ چشم حیراں، جس کی حیرانی نہیں جاتی

میں بھی سائنس کے ایک طالب علم کے طور پر اسرار کائنات پر غور کرتے ہوئے مقام حیرت پر ہوں لیکن ساتھ ہی اس کوشش میں ہوں کہ پوری انسانیت پر اس مذہبی عقیدے کی حقانیت واضح ہو جائے کہ کائنات کی تمام قوتوں میں وحدت کا اصول کارفرما ہے اور ہم سب منزل مقصود تک پہنچ جائیں۔ یہ کیفیت خدا رسیدہ لوگوں سے پھر بھی مختلف ہی ہوگی، مغرب کے کئی دانشور مجھے سوال کرتے ہیں کہ سائنس کے اصولوں میں خدا کہاں سے آٹپکتا ہے تو میں انہیں ہمیشہ یہی جواب دیتا ہوں۔

''خدا ہی انسانی ذہن کو ایک خاص نکتے کی طرف مائل کرتا ہے اس کی مرضی ہو تو وہ اپنا کوئی راز انسان پر منکشف کرتا ہے۔''

میں دنیا کے بیسیوں سائنس دانوں اور سینکڑوں دانشوروں سے ملا ہوں اور میرا یہ مشاہدہ ہے کہ خدا پر ایمان رکھنے والا انسان بہرصورت خدا کو نہ ماننے والے انسان سے بہتر ہوتا ہے۔

(''خالد'' ڈاکٹر عبدالسلام نمبر دسمبر 1997ء ص 81-83)

ایک روشن خیال پاکستانی مبصّر کا خراج تحسین

پاکستان کے ایک روشن خیال اہل قلم جناب الحاج محمد منیر قریشی صاحب نے اپنی کتاب ''اسلام اور سائنس'' میں ایک مستقل باب ''انسان اور اس کی رفتار ترقی'' باندھا ہے جس میں اس موضوع پر مبصرانہ انداز میں روشنی ڈالتے ہوئے دنیائے سائنس کے بطل جلیل ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کی قیام توحید سے متعلق سائنسی تحقیقات پر زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہیں:۔

''ماہرین کہتے ہیں کہ انسان اس کرہ ارض پر دس لاکھ سال سے آباد ہے۔ بعد میں ایسے شواہد بھی ملے ہیں کہ یہ مدت مزید طویل ہوگئی ہے۔ تنزانیہ ملک میں آتش فشاں پہاڑ کے دامن میں جو انسانوں اور جانوروں کے نقوش پا ملے ہیں ان سے انسان کے چھتیس لاکھ سال پہلے موجود ہونے کا اندازہ ہوتا ہے۔ سائنس کی ریت یہی ہے کہ آئندہ اگر کوئی اور ثبوت مل گیا تو یہ اندازہ بھی غلط قرار دیا جائے گا۔

دو تین سال ہوئے جو انسانی ترقی کے مراحل مرتب کئے گئے ہیں ان کے مطابق آج سے پانچ لاکھ سال پہلے انسان نے آگ ایجاد کی اور اس کے ساتھ ہی پتھروں کے اوزار اور ہتھیار بنائے جانے لگے اسی لئے تاریخ کے اس دور کو پتھر کا زمانہ کہا گیا ہے۔ تین لاکھ سال قبل انسان نے بعض جانوروں کو سدھا کر ان سے باربرداری، سواری اور کاشتکاری کے کام لینے شروع کئے۔ انسان کو اشرف المخلوقات ہونے کا احساس ہوا۔ اس کے بعد پہیہ ایجاد ہونے سے رفتار ترقی تیز تر ہوئی۔ ایک لاکھ سال پہلے قدرتی غاروں کو چھوڑ کر انسان نے مکان تعمیر کئے۔ جو مٹی یا کیچڑ سے بنائے گئے۔ پھر پچاس ہزار سال بعد میدانوں میں جھونپڑے بنائے گئے اور پہلی بستی آباد ہوئی۔ لیکن تن ڈھانکنے کے لئے پتوں کا استعمال ہی ہو رہا تھا۔ آج سے دس ہزار سال قبل پہلی دفعہ کپڑا بُنا گیا۔ ساتھ ہی مٹی کے برتن بنائے۔ پانچ ہزار سال پہلے بیل گاڑی، گھوڑا گاڑی بنی اور پانی کے کنارے رہنے والوں نے کشتی بنائی۔ جس نے بادبانوں والے بحری جہاز کی صورت اختیار کرلی۔ چار ہزار سال پہلے مصر اور یونان میں نہریں کھود کر دریاؤں کا پانی کھیتوں تک پہنچایا گیا۔ اب انسان نے لکیریں کھینچ کر تصاویر نما الفاظ بنا کر تحریر کی ابتدا کی۔ یہ تحریر پتھروں، پتوں اور کھالوں پر لکھی جاتی تھی۔ پتھر تراش کر تختیاں بنائی گئیں اور ان پر تحریر کھودی گئیں جو آج بھی عجائب گھروں میں محفوظ ہیں۔ اسی زمانہ میں پتھر کے بت تراشے گئے۔ لوہے کے ہتھیار بننے لگے اور اس کے زمانہ کو دھات کا زمانہ کہا جانے لگا۔

مصر اور بابل میں تہذیب نے جنم لیا اور علم ریاضی و جیومیٹری کی ابتدا ہوئی۔ مکان مربع اور مستطیل بنائے جانے لگے۔ زاویوں سے کام لیا جانے لگا۔ مکمل دائرے کے 360 درجے بنائے گے۔ مصر میں شمسی سال کی ابتدا ہوئی۔ 365 دن کا ایک سال اور چوبیس گھنٹوں کا ایک دن شمار کرنے لگے۔ آج سے ساڑھے تین ہزار سال پہلے بابل والوں نے سکہ رائج کیا۔ دو ہزار سال قبل آئینہ ایجاد ہوا۔ تین ہزار سال پہلے یونان میں حروف ابجد رائج ہوئے۔ عربی میں بائیس حروف ابجد بنائے گئے۔ اڑھائی ہزار سال ہوئے کرہ ارض کے گول ہونے کو ثابت کیا گیا۔ اور فیثا غورث نے ریاضی کے ابتدائی اصول وضع کئے۔ کہا جاتا ہے کہ آج سے دو ہزار سال پہلے ارسطو، سقراط اور افلاطون نے جدید سائنس کو جنم دیا اور اقلیدس نے آج جیومیٹری کی ابتدا کی۔ کہتے ہیں ارشمیدس دنیا کا پہلا انجینئر تھا جس نے علم طبیعات (فزکس) کی ابتدا کی۔ اس کے وضع کردہ اصول ہوائی جہاز، ریڈیو، ٹیلی ویژن، بجلی، راکٹ اور ایٹمی توانائی کے حصول کا باعث ہوئے۔ ایک سو پچاس سال قبل مسیح چین میں کاغذ ایجاد کیا گیا۔ ایک سو عیسوی میں یونان کے اندر علم طب کی بناء ڈالی گئی۔ پھر 800 اور 1200 عیسوی سن کے درمیان کئی مسلمان سائنسدانوں نے سائنس کے علم کو مالا مال کیا۔ علم فلکیات، جغرافیہ، طب، ریاضی، کیمسٹری اور فزکس سب علوم کو مسلمانوں ہی نے بام عروج تک پہنچایا۔ گھڑی، قطب نما، چھاپہ خانہ، جراحی کے اوزار اور دوربین اسی دور کی ایجادیں ہیں۔ مسلمانوں ہی نے بارود ایجاد کیا۔ جس سے آج توپ تفنگ اور راکٹ کام کرتے ہیں۔ مسلمانوں نے یونانیوں کے سطحی اور نظریاتی علوم کو تجربہ اور عمل کی بھٹی سے گزار کر کندن کیا۔ 1270ء عرب سائنسدان حسن الرمۃ نے آتش بازی کے موضوع پر ایک کتاب لکھی جس میں سب سے پہلے راکٹ بنانے کے طریقے پیش کئے گئے۔ انہی راکٹوں کو بعد میں چینیوں اور منگولوں نے ایک دوسرے کے خلاف جنگوں میں استعمال کیا۔ اس کے

بعد والے سالوں میں خوردبین اور دوربین ایجاد ہوئی۔ 1665ء میں نیوٹن نے کشش ثقل کے دائرے کو ناقابل عبور ثابت کیا۔ جبکہ 1968ء میں امریکہ نے مصنوعی سیارہ (اپالو۔آٹھ) بنا کر اس دائرہ سے باہر نکال دیا۔ سلطان حیدر علی آف میسور نے 1770ء میں انگریزوں کے خلاف راکٹوں کا استعمال کیا۔ بعد میں جب انگریزوں کا قبضہ میسور پر ہو گیا تو اچھی قسم کے راکٹوں کا استعمال شروع ہوا۔ پھر امریکہ نے بھی راکٹوں کو ترقی دی۔ جس سے وہ چاند پر پہنچنے میں کامیاب ہوا۔ اٹھارہویں صدی عیسوی میں بھاپ کا انجن، اوپر اڑنے والا غبارہ (جس میں انسان بلندی تک چلا گیا۔) اور بیٹری سیل ایجاد ہوئے۔ پھر انیسویں صدی عیسوی میں بھاپ سے چلنے والی پہلی موٹر گاڑی، ٹیلیگراف، کیمرے کی فلم اور ڈائنا مائٹ ایجاد ہوئے۔ بجلی پیدا کرنے والا ڈائنمو بھی اسی صدی میں ایجاد ہوا۔ اس نے دنیا کی کایا ہی پلٹ دی۔ بڑے بڑے ڈیم انہی کو چلاتے ہیں اور اعلیٰ پیمانے پر بجلی پیدا کی جاتی ہے۔ 1890ء اور 1900ء کے درمیان وائرلیس، متحرک فلم اور یورینیم حاصل ہوئے۔ کیوری اور مسز کیوری نے یورینیم ایجاد کر کے زمانے کو ایٹمی دور میں داخل کر دیا۔ لیکن ساتھ ہی اپنی تحقیقات کے دوران تابکاری سے جان دے دی۔ آبدوز کشتی بھی انیسویں صدی کے آخر میں بنائی گئی۔ نئی صدی کے شروع میں مارکونی نے ریڈیو بنایا۔ 1903ء میں رائیٹ برادران نے ہوائی جہاز ایجاد کیا۔ انہیں وہم و گمان بھی نہ تھا کہ ہوائی جہاز 600-800 میل فی گھنٹہ کی رفتاروں سے عام اڑا کریں گے۔ ان کا جہاز 37 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے اڑا کرتا تھا۔ پھر ہوائی جہازوں ہی نے خلاء میں جانے کا راستہ ہموار کیا۔ 1905ء میں آئن سٹائن نے نظریہ اضافت ثابت کیا۔ 1926ء میں ٹی وی ایجاد ہوا۔ 1932ء میں جرمنی کے ہٹلر نے جنگی مقاصد کے لئے راکٹ بنائے۔ 1939ء میں جیٹ طیارہ ایجاد ہونے سے ہوائی جہازوں میں انقلابی تبدیلی آئی۔ 1940ء میں پنسلین کی ایجاد سے طب جدید کو ترقی حاصل ہوئی۔ 1945ء میں امریکہ نے جاپان کے شہروں ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم گرائے اور بڑے پیمانے پر تباہی مچ گئی۔ اب خلاء میں جانے کے تجربات بھی شروع ہو گئے۔ ان میں کئی جانیں ضائع ہوئیں۔ تاہم روس امریکہ میں خلائی سفر کا مقابلہ شروع ہو گیا ہے۔ 1959ء میں روس نے چاند پر ایک راکٹ اتار دیا اور اسے زمین سے کنٹرول کیا جاتا تھا۔ 1968ء میں امریکی سائنسدان نے چاند کے گرد چکر لگایا۔ بالآخر 21 جولائی 1969ء کو امریکہ نے پہلا انسان چاند پر اتارا اور پھر اسے واپس زمین پر بھی لایا گیا۔ چاند پر ہوا نہیں ہے اس لئے کوئی گردوغبار نہیں اڑتی۔ دو امریکیوں نے جو نقوش پا وہاں چھوڑے ہیں وہ کئی صدیوں تک قائم رہیں گے۔ **تازہ ترین سائنسی کامیابی پاکستان کے اقلیتی فرقے کے ایک ممتاز فرد ڈاکٹر عبدالسلام کی ہے۔ جنہیں آئن سٹائن کے کام کی تکمیل پر نوبیل پرائز دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر عبدالسلام نے ثابت کیا ہے کہ ''کائنات میں مادے کا کوئی وجود نہیں بلکہ ہر مادے کی ضد موجود ہے جو کہ عملی طور پر باہم مل کر ختم ہو جاتے ہیں اور پھر کائنات میں صرف ایک قوت باقی رہ جاتی ہے جسے مذہب خدا کا نام دیتا ہے۔''**

(اسلام اور سائنس صفحہ 36 تا 38 ناشر نذیر سنز پبلشرز 140 اردو بازار لاہور)

یہ ایسا عظیم الشان سائنسی کارنامہ ہے جس کی نظیر گزشتہ چودہ صدیوں کی تاریخ میں تلاش کرنا بے سود ہے۔

کامل اس فرقۂ زہاد سے اٹھا نہ کوئی
کچھ ہوئے تو یہی ''رندانِ قدح خوار'' ہوئے

سلسلہ کے ایک بزرگ خادم اور علمی شخصیت

محترم صوفی بشارت الرحمٰن صاحب کی یاد میں

انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

میں جب میٹرک کر کے 1960ء میں تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں ایف ایس سی (پری انجینئرنگ) میں داخل ہوا تو اس وقت محترم صوفی بشارت الرحمٰن صاحب کو بھی دیکھا۔ وہ اس وقت پرنسپل تعلیم الاسلام کالج حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الثالث) کے قریبی حلقہ احباب میں سے تھے۔ عربی کے پروفیسر اور اپنے شعبہ کے صدر تھے۔ علاوہ ازیں کالج کی ایڈمنسٹریشن کے بھی انچارج تھے اور مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب (اب وکیل اعلیٰ تحریک جدید) ایڈمنسٹریشن میں ان کے نائب ہوتے تھے۔ آپ ریاضی کے پروفیسر تھے۔ کبھی طلباء آپس میں الجھ پڑتے تو ان کے Case کی تحقیق کر کے اور اسے آخری شکل دے کر حضرت مرزا ناصر احمد صاحب کی خدمت میں پیش کرتے۔ اس زمانہ میں کالج میں دینی شعار کا بہت خیال رکھا جاتا تھا۔ انڈر گریجویٹ کے لئے بلیک گاؤن اور سیاہ جناح ٹوپی کالج کا یونیفارم تھا جس کی بہت پابندی کروائی جاتی تھی اور صوفی بشارت الرحمٰن صاحب کو آتے دیکھ کر اکثر طلباء ٹوپی سر پر رکھ لیا کرتے تھے۔ کوئی سگریٹ بھی نہیں پی سکتا تھا۔ میرے کالج کے دوران جب پہلا جلسہ سالانہ آیا اور طلباء کی ڈیوٹیاں لگیں تو میری ڈیوٹی حاضری و نگرانی کے سیکشن میں لگی جس کے ناظم آپ ہی تھے۔ ان کے ایک شاگرد چوہدری رشید احمد صاحب جاوید جو اس وقت بی اے کے سٹوڈنٹ تھے اور بہت لائق طلباء میں شمار ہوتے تھے۔ صوفی صاحب کے نائب کے طور پر جلسہ سالانہ کے اس شعبہ میں کام کر رہے تھے۔ چوہدری رشید احمد صاحب جاوید کالج کے میگزین ''المنار'' کے اردو سیکشن کے ایڈیٹر بھی ہوا کرتے تھے۔ (انہوں نے اکنامکس میں ایم اے آنرز کیا اور سٹیٹ بینک آف پاکستان میں رہے اور تھوڑا عرصہ پہلے سینئر ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے ہیں)۔ اس وقت صوفی بشارت الرحمٰن صاحب ٹاؤن کمیٹی ربوہ کے چیئرمین بھی تھے اس لئے پلاٹ وغیرہ کے کئی معاملات جلسہ کے دوران ربوہ کے باہر کے احباب انہیں مل کر طے کرواتے تھے۔

وقت بڑی تیزی سے گزرتا ہے تعلیم مکمل کر کے عملی زندگی میں آئے تو اکثر مرکز سلسلہ آنا جانا ہوتا تھا بالآخر صوفی بشارت الرحمٰن صاحب سے بھی زندگی کے عملی دور میں جان پہچان ہو گئی۔ 1974ء کے نصف آخر میں میرے والدین ربوہ منتقل ہو گئے اور ابتداء میں دارالرحمت غربی میں رہائش اختیار کی۔ ہفتہ کے آخری دن میرا ربوہ آنا جانا رہتا تھا۔ بیت ناصر قریب تھی وہاں نماز کے لئے جاتا تھا۔ صوفی بشارت الرحمٰن صاحب بھی وہیں نمازیں پڑھا کرتے تھے اور حدیث شریف کا درس دیا کرتے تھے انہیں عربی اور حدیث سے بہت شغف تھا۔ حضرت مسیح موعود کے بہت سے الہامات ازبر تھے۔ اکثر حوالے دیا کرتے تھے۔ غالباً 1976ء کا واقعہ ہے ٹرین پر اکٹھے ربوہ سے سوار ہوئے۔ میں نے آگے بڑھ کر سلام کیا۔

مجھے پہچانتے تھے اس لئے کئی موضوعات پر گفتگو فرماتے رہے۔ پھر اپنی ایک خواب کا ذکر کیا کہ انہوں نے کافی عرصہ پہلے کالج میں ملازمت کے زمانہ میں دیکھا کہ چوہدری حمید اللہ صاحب پرنسپل ہو گئے ہیں اور صوفی بشارت الرحمٰن صاحب ان کے ماتحت ہو گئے ہیں۔ کہنے لگے کہ خواب میں ہی میں نے سوچا کہ کسی بھی Seniority کے لحاظ سے ایسا نہیں ہو سکتا۔ فرمایا کہ جب چوہدری حمید اللہ صاحب افسر جلسہ سالانہ بنے اور صوفی صاحب نائبین میں سے تھے تو پھر اس خواب کی سمجھ آئی یہ خلافت ثالثہ کا واقعہ ہے۔ (خلافت رابعہ میں تو چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید اور صوفی بشارت الرحمٰن صاحب وکیل تعلیم تھے اس طرح بھی یہ خواب پوری ہوئی۔)

1990ء یا 1991ء کی بات ہے میں نے ذکر کیا کہ قادیان سے شائع شدہ ایک کتابچہ ''خلافت اور مجددیت'' میرے پاس ہے جس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا انصار اللہ کے اجتماع 1968ء کا ایک اہم خطاب اور چودھویں اور پندرھویں صدی کے سنگم پر مختلف ممالک کے جلسہ ہائے سالانہ کے لئے پیغامات چھپے ہوئے ہیں۔ انہوں نے وہ کتابچہ پڑھنے کے لئے لیا اور جب واپس لینے کے لئے گیا تو پھر خلافت کے سلسلہ میں ہی گفتگو ہوتی رہی اور اپنی ایک رویا کا ذکر کیا کہ انہیں اشارۃً بتا دیا گیا ہے کہ خلافت خامسہ کے اعلیٰ منصب پر کون متمکن ہوں گے۔ کہنے لگے جو شخصیت دکھائی گئی ہے وہ ابھی بہت کم عمر اور غیر معروف ہے اور پھر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب کی طرف اشارہ بھی کر گئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح رابع کے وصال پر اللہ تعالیٰ کی تقدیر خاص سے پاکستان کی جماعتوں کے امراء اضلاع میں شامل ہونے کی وجہ سے مجھے بھی انتخاب کمیٹی میں شامل ہونے کا اعزاز حاصل ہوا۔ انتخاب سے پہلے جو رات لندن میں گزاری وہ سخت کرب اور اضطراب میں گزاری۔ جب کروٹ بدلتا آنے والے خلیفۃ المسیح کی شبیہ سامنے آتی۔ اس وقت مجھے صوفی بشارت الرحمٰن صاحب (جو اس سے کافی پہلے فوت ہو چکے تھے) والی خواب بھی یاد آئی اور ایک اپنی خواب بھی اور میرا دل اس یقین سے پر ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر میں حضرت مرزا مسرور احمد صاحب ہی ہونے والے خلیفۃ المسیح ہیں۔ محترم صوفی بشارت الرحمٰن صاحب تعلیم الاسلام کالج کے ابتدائی واقفین زندگی اساتذہ میں سے تھے کالج کے بعد صدر انجمن احمدیہ میں ناظر تعلیم بھی رہے۔ اور بعد میں صدر مجلس کارپرداز کے طور پر کام کیا۔

خلافت رابعہ میں وہ تحریک جدید انجمن احمدیہ میں خدمت کی توفیق پانے لگے اور وکیل التعلیم کے طور پر کام کیا۔ غالباً اسی منصب پر خدمت کے دوران ان کی وفات ہوئی۔ غرضیکہ ساری زندگی ان کی خدمت دین میں گزری۔ بتاتے تھے کہ امتحان کے دنوں میں بھی حضرت مسیح موعود کی کتب کے ایک دو صفحہ روزانہ مطالعہ کرتے تھے۔ حضرت مصلح موعود کے تو عاشق تھے اور حضور کی اولاد سے بہت تعلق تھا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ساتھ قریب رہ کر کام کیا۔ حضور نے انہیں حضرت مسیح موعود کے عربی منظوم کلام کے اردو ترجمہ کرنے والی ٹیم کا صدر بھی بنایا۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆......☆

حضرت مسیح موعود کی شہرۂ آفاق کتاب

برکات الدعا مختصر سوال و جواب کی شکل میں

فرخ سلمانی

سیدنا حضرت مسیح موعود نے یہ معرکۃ الآراء کتاب اپریل 1893ء میں تالیف فرمائی یہ کتاب آپ نے سرسید احمد خان کے دو رسالوں کے جواب میں لکھی۔ جس میں آپ نے ان کے پیش کردہ دلائل کو معقولی اور منقولی رنگ میں رد کیا اور خارجی وحی اور دعا کی قبولیت کے متعلق اپنے تجربات بیان کئے۔ اس رسالہ کے آخر میں حضرت مسیح موعود نے پنڈت لیکھرام کے متعلق اپنی ایک قبول شدہ دعا کا بھی ذکر کیا۔

س یہ رسالہ کس کے خیالات کے رد میں شائع ہوا؟

ج۔ سید احمد خان صاحب کے سی ایس آئی۔

س یہ رسالہ 1310ھ کے کس ہجری مہینہ میں شائع ہوا؟

ج۔ رمضان

س۔ اخبار انیس ہند میرٹھ نے حضرت مسیح موعود کی کس پیشگوئی پر اعتراض کیا تھا؟

ج۔ لیکھرام پشاوری کے بارہ میں

س۔ حضور نے لیکھرام کی ہلاکت کے لئے کتنے برس کی میعاد مقرر کی تھی؟

ج۔ 6 سال

س۔ اس وقت لیکھرام اور حضرت مسیح موعود کی عمر کتنی تھی؟

ج۔ 30۔ 50 سے زائد

س۔ حضور نے فرمایا ہے کہ تعلیم یافتہ انگریزوں کا ایک گروہ ہماری جماعت میں شامل ہے۔ یہ انگریز کس شہر میں رہتے تھے؟

ج۔ مدراس

س۔ یہ کتاب سید احمد خان کے کن 2 رسالوں کے جواب میں لکھی گئی؟

ج۔ الدعاء والاستجابۃ۔ تحریر فی اصول التفسیر

س۔ سید صاحب کے دونوں رسالوں کے مضمون میں بنیادی طور پر کیا تضاد ہے؟

ج۔ ایک میں تقدیر کو مقدم رکھتے ہیں اور دوسرے میں تقدیر کو کوئی چیز نہیں سمجھتے۔

س۔ کامل کی دعا میں ایک قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کا کیا نام ہے؟

ج۔ قوت تکوین

س۔ حضور نے قبولیت دعا کے متعلق کس قدیم بزرگ کے بعض اقتباسات درج کئے ہیں؟

ج۔ حضرت عبدالقادر جیلانی

س۔ تفسیر قرآن کے کتنے معیار بیان کئے ہیں؟

ج۔ 7

س۔ حضور کتنے برس سے مکالمہ الٰہیہ سے مشرف تھے؟

ج۔ 11 برس

س۔ فرشتوں کی ضرورت کے متعلق مبسوط بحث حضور کی کن کتب میں ہے؟

ج۔ توضیح مرام۔ آئینہ کمالات اسلام

س۔ حضور نے اپنی جماعت کے تین پر جوش مردان دین کا خصوصی ذکر کیا ہے کونسے؟

ج۔ حضرت مولانا نورالدین صاحب، حکیم فضل دین صاحب، نواب محمد علی خان صاحب۔

س۔ رسالہ کے آخر میں حضور نے اپنی ایک کتاب کے متعلق اشتہار دیا ہے؟

ج۔ براہین احمدیہ۔

س۔ حضور نے براہین احمدیہ میں دین کی سچائی ثابت کرنے کے لئے کتنی قسم کے نشانات درج کئے ہیں؟

ج۔ تین قسم کے۔

س۔ دعا کے متعلق سید احمد خان کے خیالات کا خلاصہ کیا ہے؟

ج۔ دعا محض عبادت ہے ذریعہ حصول مقصود نہیں

س۔ استجابت دعا کا مسئلہ کس مسئلہ کی فرع ہے؟

ج۔ دعا

س۔ دعا کی ماہیت کیا ہے؟

ج۔ سعید بندہ اور اس کے رب میں ایک تعلق جاذبہ۔

س۔ عرب کے ملک میں رونما ہونے والے انقلاب کیسے برپا ہوا؟

ج۔ فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعاؤں سے۔

س۔ بعض دعاؤں کے خطا جانے کی مثال حضور نے کس امر سے دی ہے؟

ج۔ بعض دوائیں بھی اثر نہیں کرتیں؟

س۔ حضور نے فرمایا اگر سید صاحب کہیں کہ دعاؤں کے اثر کا کیا ثبوت ہے تو میں اپنی بعض دعاؤں کی قبولیت سے سید صاحب کو پیشگی اطلاع دوں گا۔ مگر سید صاحب کو بھی ایک اقرار کرنا ہوگا۔ وہ کیا ہے؟

ج۔ وہ اپنے غلط خیال سے رجوع کرلیں گے

س۔ ادعونی استجب لکم میں کونسی دعائیں مراد ہیں؟

ج۔ وہ عبادت جو انسان پر فرض کی گئی ہے۔

س۔ ہر دعا عبادت نہیں کے ثبوت میں حضور نے قرآن کریم سے کس نبی کی مثال دی ہے؟

ج۔ حضرت نوحؑ

س۔ دعا میں تضرع کے ساتھ اور کیا امور ضروری ہیں؟

ج۔ تقویٰ۔ طہارت۔ راست گوئی۔ کامل یقین۔ کامل محبت۔ کامل توجہ

س۔ قرآن نے وحی کی مثال زمینی چشمہ سے نہیں کس چیز سے دی ہے؟

ج۔ بارش سے جو آسمان سے نازل ہوتی ہے۔

س۔ محدث کون لوگ ہوتے ہیں؟

ج۔ جو شرف مکالمہ الٰہی سے مشرف ہوتے ہیں اور ان کا جوہر نفس انبیاء کے جوہر نفس سے اشد مشابہت رکھتا ہے۔

وسیم احمد سروعہ صاحب

پانچواں جلسہ سالانہ بوسنیا

بوسنیا میں جماعت احمدیہ کی رجسٹریشن سرائیوو میں مئی 1999ء میں ہوئی اور اسی سال ستمبر میں ہمارا پہلا جلسہ سالانہ منعقد ہوا۔ 2004ء میں جلسہ سالانہ جماعتی سنٹر بیت السلام میں منعقد ہوا۔ جلسہ کے لئے 10/ اکتوبر کی تاریخ طے کی گئی تھی۔ اکتوبر میں عموماً یہاں بہت سردی شروع ہو جاتی ہے لیکن اس بار موسم خوشگوار تھا اور سورج نکلا ہوا تھا جلسہ کے اختتام کے بعد رات کو بارش ہوئی اور کافی سردی ہوگئی۔

پانچویں جلسہ سالانہ کی تیاری ایک ماہ قبل شروع کر دی گئی اس سلسلہ میں دعوت نامے شائع کرکے مختلف دوستوں کو بھجوائے گئے جن میں غیر از جماعت بھی شامل تھے چند جگہوں سے بعض افراد کے سپرد ٹرانسپورٹ کی ڈیوٹی لگائی گئی تا کہ وہاں سے لوگوں کو لائیں۔ الحمدللہ انہوں نے اچھا کام کیا اور چار جگہوں سے بہت سے افراد پہلی دفعہ جلسہ میں شامل ہوئے۔ 25 افراد جماعت نے ڈیوٹی دی اور جلسہ کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ امسال بعض نئے احمدی افراد نے بھی جلسہ کی ڈیوٹی دی اور تجربہ حاصل کیا۔ مکرم ابراہیم نونن صاحب مربی آئرلینڈ کو حضور انور نے بطور مرکزی نمائندہ مقرر فرمایا۔

جلسہ کا آغاز صبح ساڑھے دس بجے زیر صدارت مکرم ابراہیم نونن صاحب، تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم فرید احمد خالد صاحب نے کی۔ اس کے بعد مکرم مختار احمد صاحب نے درثمین سے ''حمد وثنا اسی کو جو ذات جاودانی'' نظم پیش کی۔ تلاوت و نظم کا بوسنین زبان میں ترجمہ مکرم آلن بوشینا کووچ (Alen Bo Snijakovic) نے پیش کیا۔ اس کے بعد مکرم دینو شابوچ (Dino Sabovic) نائب صدر جماعت بوسنیا نے Welcome ایڈریس پڑھا اور تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد جلسہ کی پہلی تقریر مکرمہ فاہریہ اوچ صاحبہ (Fahrija Audic) نے کی۔ انہوں نے یہ تقریر خواتین کے حصہ سے کی جس کا عنوان تھا حضرت مسیح موعود کی نئے احمدیوں کو نصائح۔ یہ خاتون لندن میں MTA کے پروگراموں کا اور جماعتی لٹریچر کا بوسنین میں ترجمہ کرتی ہیں۔ انہوں نے جماعت کے قیام کی غرض بتائی اور حضور کی مختلف نصائح بیان کیں۔ اس کے بعد ایک خاتون تنزیلہ جاکمچ (Tanzila Dzakmic) نے ایک نظم پیش کی۔ جلسہ کی دوسری تقریر مکرم زبیر خلیل خان صاحب نائب امیر جرمنی نے کی جو انگلش میں تھی اور مکرم دینو شابوچ صاحب نے بوسنین میں ترجمہ پیش کیا انہوں نے ابتداء میں سچائی قبول کرنے والوں کے بلند مقام کا ذکر کیا۔

پروگرام کے پہلے حصہ کی آخری تقریر خاکسار وسیم احمد سروعہ مربی و صدر جماعت بوسنیا کی تھی جس کا عنوان تھا ''احمدیت نے دنیا کو کیا دیا'' خاکسار نے اس تقریر میں مسیح موعود کی آمد کے وقت دنیا کی حالت کا نقشہ کھینچا۔

دوسرا اور آخری سیشن

نمازوں کی ادائیگی کے بعد دوسرے اور آخری سیشن کا اجلاس شروع ہوا۔ ایک بچے کنعان جاکمچ (kenan Dzakmic) نے نظم پیش کی اس کے بعد مکرم ڈاکٹر عبدالشکور اسلم خاں صاحب صدر جماعت البانیا نے البانیا میں احمدیت کے موضوع پر خطاب کیا۔ ان کے بعد مکرم دینو شابوچ (Dino Sabovic) نائب صدر جماعت بوسنیا نے ''قرآنی پیشگوئیاں'' کے عنوان سے تقریر کی۔

پروگرام کے مطابق جلسہ کی آخری تقریر مکرم ابراہیم نونن صاحب مرکزی مہمان کی تھی۔ ان کی تقریر کا ترجمہ مکرمہ فاہریہ صاحبہ نے بوسنین میں کیا۔ انہوں نے احباب کو نظام جماعت اور نظام خلافت کی اہمیت سے آگاہ کیا کہ برکت اسی میں ہے کہ اس نظام سے چمٹے رہیں۔ مرکزی نمائندہ کی تقریر کے بعد خاکسار نے تمام احباب اور کام کرنے والے احباب کا شکریہ ادا کیا اور مرکزی نمائندہ نے اختتامی دعا کرائی۔ اس طرح ہمارا پانچواں جلسہ سالانہ اختتام پذیر ہوا۔ اور امسال حاضری ہماری توقعات سے بڑھ کر تھی۔ الحمدللہ

جلسہ کی خاص بات 68 بیعتیں ہیں جو اس موقع پر حاصل ہوئیں۔ تمام مہمانوں نے پروگرام کو بہت پسند کیا اور دوبارہ آنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ امسال جرمنی سے 7/ افراد پر مشتمل وفد نے شرکت کی اور البانیا سے 4/ افراد کے وفد نے شرکت کی۔ اور اس طرح 3 ممالک سے مہمان تشریف لائے۔ جلسہ کے بعد باہر سے آئے ہوئے مہمانوں کو سرائیوو کے بعض تاریخی مقامات کی سیر کراوئی گئی۔ MTA جرمنی کی ٹیم نے جلسہ کے تمام پروگرامز کی ریکارڈنگ کی اور جلسہ پر ڈیوٹی دینے والے بعض احباب جماعت کے انٹرویو بھی ریکارڈ کئے۔

(الفضل انٹرنیشنل 24 دسمبر 2004ء)

خصوصی درخواست دعا

احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی نیز مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کے لئے درمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے ہر شر سے بچائے۔

سچائی اور مصلحت

ممتاز کالم نگار نذیر ناجی اپنے کالم میں لکھتے ہیں:۔

''چند روز پہلے کی بات ہے، اہل فکر و دانش کی ایک محفل میں مذہبی انتہا پسندی کے سوال پر بات ہو رہی تھی اور تمام شریک گفتگو حضرات و خواتین اس پر متفق تھے کہ مذہبی انتہا پسندی اور دہشت گردی نے ہمارے قومی مفادات کو شدید نقصان پہنچایا ہے اور اگر ہمیں قوموں کی برادری میں باوقار مقام حاصل کرنا ہے تو انتہا پسندی کے اس جنون سے چھٹکارا پانا ہوگا، میں نے تحریک پاکستان کے تاریخی پس منظر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دوقومی نظریہ بنیادی طور پر مسلمانوں کی سیاسی اور معاشی آزادیوں سے عبارت تھا۔ علامہ اقبال اور قائداعظمؒ دونوں ہندو اکثریت کے معاشی اور سیاسی تسلط کے خلاف برسرپیکار رہے۔ ابتدا میں قائداعظم سمیت تمام مسلمان لیڈروں نے یہ کوشش کی کہ مسلمانوں کو متحدہ ہندوستان کے اندر سیاسی اور معاشی تحفظات حاصل ہو جائیں اور اس امر کی آئینی ضمانت مل جائے کہ ہندو اکثریت مسلمانوں کو ان کی سیاسی آزادیوں، سماجی حقوق اور معیشت میں ان کے جائز حصے سے محروم نہیں کرے گی لیکن کانگرس کی طرف سے ایسی کسی بھی یقین دہانی سے انکار کیا جاتا رہا۔ مسلم لیگ اور انگریزی حکومت اور مسلم لیگ اور کانگرس کے درمیان مذاکرات کے طویل ادوار اور سیاسی کشمکش کی تاریخ سے ملنے والی تمام شہادتیں ظاہر کرتی ہیں کہ حصول پاکستان کی جدوجہد درحقیقت مسلمانوں کے سیاسی اور معاشی حقوق کے تحفظ کی جدوجہد تھی اور جب متحدہ ہندوستان کے اندر اس کی کوئی ضمانت نہ مل سکی تو قائداعظمؒ کو مجبوراً علیحدہ وطن کا مطالبہ کرنا پڑا۔ قیام پاکستان کی تاریخ طے ہوگئی تو 11 راگست کو سندھ اسمبلی کے ہال میں پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی کا قیام عمل میں آیا۔ دستور ساز اسمبلی نے معرض وجود میں آتے ہی قائداعظم محمد علی جناحؒ کو اپنا پہلا صدر منتخب کیا۔ دستور ساز اسمبلی کا صدر منتخب ہونے کے بعد بانئ پاکستان نے اپنے خطاب میں آئین سازی کے لئے جو راہنما اصول قوم کے سامنے رکھے ان کی نمایاں باتیں یہ ہیں:۔

''آپ آزاد ہیں۔ آپ پاکستان کی ریاست میں اپنے مندروں میں جانے کے لئے، اپنی مسجدوں میں یا دوسری عبادت گاہوں میں جانے کے لئے آزاد ہیں۔ آپ خواہ کسی بھی مذہب، نسل یا ذات سے وابستہ ہوں اس کا تعلق اس بنیادی اصول سے ہے کہ ہم سب ایک ریاست کے شہری اور مساوی حیثیت رکھنے والے شہری ہیں''۔

''میں سمجھتا ہوں کہ اب ہمیں اپنا آئیڈیل اپنے سامنے رکھنا چاہئے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ آپ دیکھیں گے کہ ہندو ہندو نہیں رہیں گے، مذہبی اعتبار سے نہیں کیونکہ وہ فرد کے ذاتی ایمان کا معاملہ ہے بلکہ سیاسی اعتبار سے ایک ریاست کے شہریوں کی حیثیت سے''۔

بانئ پاکستان کے ذہن میں جس ملک کا خاکہ تھا اس کے خدوخال کا اندازہ ان کے مندرجہ بالا فرمودات سے لگایا جاسکتا ہے۔ یاد رکھنے کی بات ہے کہ قیام پاکستان کی جدوجہد کے دوران قائداعظمؒ کو مذہب کے حوالے سے جو باتیں کہنا پڑیں۔ درحقیقت وہ مذہبی سیاستدانوں کے مخالفانہ پروپیگنڈے کے جواب میں کہی گئیں۔ قائداعظم کو ہندو اور انگریز کی مخالفت ہی کا سامنا نہیں تھا بلکہ مسلمانوں کی قیادت کے دعویدار مولانا حضرات اور مذہب کے نام پر سیاست کرنے والے بیشتر مولوی حضرات بھی ان کی مخالفت میں پیش پیش تھے۔ یہ لوگ قائداعظم پر الزام لگاتے تھے کہ انہیں مسلمانوں کی قیادت کا کوئی حق نہیں اور ان کا بنایا ہوا پاکستان کسی طرح بھی اسلام اور مسلمانوں کے لئے بہتر ثابت نہیں ہوگا بلکہ وہ قائداعظم کو مسلمانوں کی قیادت کے نااہل ثابت کرنے کے لئے شرمناک حد تک ان کی کردارکشی کیا کرتے تھے۔ عام مسلمان چونکہ اپنے دین سے محبت کرتا ہے اس لئے اس کے گمراہ ہونے کا اندیشہ تھا اور اسی وجہ سے قائداعظم کو بار بار یہ بتانا پڑا تھا کہ پاکستان میں اسلامی اصولوں اور اقدار کے لئے خطرہ نہیں ہوگا۔ قائد کے یہی وضاحتی بیانات آج ملا حضرات اپنے سیاسی مقاصد کو آگے بڑھانے کے لئے پیش کرتے ہیں اور یہ بات چھپالی جاتی ہے کہ قائد کو یہ وضاحتیں خود مولوی حضرات کے لگائے ہوئے الزامات کے جواب میں کرنا پڑتی تھیں۔

حقیقت یہ ہے کہ مولوی حضرات نے آخری دم تک قیام پاکستان کی شدید مخالفت کی۔ علماء کی سب سے بڑی اور منظّم جماعت جمعیت علمائے ہند کانگرس کی حلیف تھی۔ علامہ اقبال کو مولانا حسین احمد مدنی کے سیاسی مؤقف پر تنقید بھی کرنا پڑی تھی۔ افسوس کہ یہ باتیں نوجوان نسل سے چھپائی گئیں اور تحریک پاکستان کے اصل مقاصد کو ہماری تاریخ اور نصابی کتب سے بددیانتی کرتے ہوئے حذف کر دیا گیا۔ نئی نسل اس علمی گمراہی کا کس حد تک شکار ہے۔ اس کا اندازہ مذکورہ محفل میں ادھیڑ عمر کے ایک دانشور کی بات سے ہوا۔ یہ دانشور اعتدال پسندی اور روشن خیالی کے حق میں دلائل دے رہے تھے لیکن جب مذہبی سیاستدانوں کے کردار کی بات آئی تو انہوں نے معصومیت سے کہا کہ ''پاکستان بنا تو اسلام کے نام پر تھا''۔ جب میں نے اصرار کیا کہ دوقومی نظریے کی بنیاد مسلمانوں کے معاشی اور سیاسی حقوق کے حصول اور تحفظ پر تھی تو وہ کچھ حیرت زدہ ہوئے اور بولے ''ہم نے تو یہی پڑھا ہے کہ پاکستان اسلام کے لئے بنایا گیا'' اس فرق کو بڑی چالاکی سے ختم کیا گیا کہ مسلمانوں کے حقوق اور اسلام دو الگ چیزیں نہیں ہیں جہاں مسلمان آزاد، خوشحال اور مضبوط ہوں گے، وہاں اسلام کا بھی بول بالا ہوگا۔ ہوا یوں کہ جب مولوی حضرات پاکستان کو وجود میں آنے سے نہ روک سکے تو اس پر قبضے کے طریقے سوچنے لگے۔ سب سے پہلے ان لوگوں نے اپنا پاکستان دشمن کردار نگاہوں سے اوجھل کرنے کے لئے تاریخ کو مسخ کیا۔ اس کے بعد قیام پاکستان کے مقاصد کے معاشی پہلو غائب کر کے مذہبی عنصر نمایاں کیا اور اس کی آڑ میں اپنی سیاسی دکانداری چمکائی۔ تحریک آزادی کے دوران مسلمانوں کے مستقبل کے لئے ان لوگوں کے تصورات کا جائزہ لینا ہو تو ان کی اس دَور کی تحریروں اور تقریروں کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

یاد رہے کہ انہوں نے پاکستان میں دستیاب تمام کتابوں سے وہ حوالے حذف کر دیئے ہیں جن میں ان کے پاکستان دشمن خیالات درج تھے۔

